# رومانیہ

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by

International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## رومانیہ

رومانیہ وسطی یورپ کے جنوب مشرقی حصے میں واقع ہے۔اس کے شمال مغرب میں ہنگری، جنوب مغرب میں سربیا، جنوب میں بلغاریہ اور جنوب مشرق میں بحیرۂ اسود، مشرق میں یوکرائن اور شمال میں جمہوریہ مولڈووا ہے۔تقریباً اوریگون جتنے سائز کا رومانیہ رقبے کے اعتبار سے علاقے میں پولینڈ کے بعد دوسرا سب سے بڑا ملک ہے۔

رومانیہ کی طبعی ساخت میں پر شکوہ پہاڑ،خوب صورت پہاڑیاں، زرخیز میدان اور متعدد دریا اور جھیلیں شامل ہیں۔کارپاتھین پہاڑوں کا سلسلہ ملک کے وسط میں سے گزرتا ہے جس کے دونوں طرف کم اونچی پہاڑیاں اور پھر بیرونی کنارے کے عظیم میدان ہیں۔ملک کے ایک چوتھائی سے زیادہ رقبے پر حیوانات ہیں اور نباتات یورپ میں سب سے بھرپور ہیں، بشمول ریچھ، ہرن،lynx،chamois اور بھیڑیے۔افسانوی شہرت کا مالک دریائے ڈینیوب آٹھ ملکوں سے سفر کر کے یہاں بحیرۂ اسود میں گرتا ہے۔اِس سے پہلے یہ دنیا کی نہایت وسیع اور حیاتیاتی لحاظ سے متنوع دلدلیں یعنی ڈینیوب ڈیلٹا بناتا ہے۔

بخارسٹ –رومانیہ کا دارالحکومت۔یہ پورٹ لینڈ-اوریگون؛مانٹریال-کینیڈا،وینس-اٹلی اور بورڈو-فرانس والے طول البلد پر ہی واقع ہے۔

رومانیائی زبان:رومانیہ کی سرکاری زبان رومانیائی (limba română) ہے۔رومانیہ کا نام لاطینی لفظ "Romanus" یعنی روم کا شہری سے ماخوذ ہے۔رومانیائی زبان میں بہت سے قدیم لاطینی اوصاف اب بھی موجود ہیں اور آس پاس کی سلاوی زبانوں کے ساتھ ساتھ فرانسیسی، جرمن،یونانی اور ترکی زبان کے الفاظ بھی اِس میں شامل ہیں۔

انگلش نے بہت تیزی کے ساتھ ملک کی دوسری زبان کے طور پر فرانسیسی کی جگہ لے لی ہے، بالخصوص نوجوانوں میں۔بڑے قصبات اور شہروں میں انگلش زبان میں بات چیت کرنا مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔

### قومی حکومت:

حکومت کا سربراہ وزیر اعظم ہے جو اِس وقت محترمہ وکٹوریہ دانچیلا (Dancila) ہیں۔وہ انتظامی شاخ *Ministru* (منسٹر) کے 26 راہنماؤں سے تشکیل دی گئی کابینہ کی سربراہ ہیں۔

### تاریخی خطے:

ٹرانسلوینیا

Banat اور Crisana

بوکووینا اور مولڈووا

### اسلام آباد میں رومانیہ کا سفارت خانہ

### عمومی معلومات برائے رابطہ:

**پتہ:** مکان نمبر 5-A، سٹریٹ نمبر 30۔

سیکٹر F-7/1،

اسلام آباد، 44000۔

**ٹیلی فون:** +92 51 8436601 (011 92 51):+92 51 8436602

**ٹال فری:** 0800-00-226

**فیکس:** +92 51 8441471 (011 92 51)

## پروگرام۔ Territorial Competence

اسلامی جمہوریہ پاکستان میں رومانیہ کے سفارت خانے کا قونصلر دائرۂ اختیار۔

1- **قونصلر سروسز** (لیگلائزیشن) صرف ای میل اپائنٹمنٹ کے ذریعے۔ ای میل میسیج میں مندرجہ ذیل معلومات ہونی چاہئیں:

- درخواست گزار کا مکمل نام؛
- مکمل پتا، بشمول عارضی پتہ (اگر کوئی ہو)؛
- پیدائش کی تاریخ اور مقام؛
- ذاتی شناختی نمبر؛
- صورتحال کی جامع تفصیل اور درکار قونصلر سروس کا ذکر؛
- دو متبادل اپائنٹمنٹس کی تجویز، وقت اور دن۔

2- **ویزا سیکشن** کے کام کرنے کے اوقات یہ ہیں:

**پاکستان اور تیسرے ملک کے شہریوں کے لیے:**[1]

**سوموار، بدھ اور جمعہ: 10:00 تا 13:00۔**

https://evisa.mae.ro کے ذریعے لی گئی اپائنٹمنٹ، ویزا فیس 80 امریکی ڈالر برائے مختصر قیام اور 150 امریکی ڈالر برائے طویل قیام ہے۔

**رومانیہ کے شہریوں کے لیے:** منگل 10:00 تا 13:00، اپائنٹمنٹ کے لیے: **ای میل:** islamabad.consul@mae.ro، https://econsulat.ro

### اعزازی قونصلیٹ

- کراچی میں رومانیہ کا اعزازی قونصلیٹ
- پشاور میں رومانیہ کا اعزازی قونصلیٹ
- لاہور میں رومانیہ کا اعزازی قونصلیٹ

[1] ”تیسرے ملک کا شہری“ سے مراد اُس ریاست کا شہری ہے جو یورپی یونین کی رکن نہیں، اور نہ ہی آئس لینڈ، لائکٹنشٹائن، ناروے یا سوئٹزرلینڈ کا شہری ہے۔
یورپی یونین کی رکن ریاستیں بلجیم، بلغاریہ، کروشیا، چیک جمہوریہ، ڈنمارک، اسٹونیا، فِن لینڈ، فرانس، آئرلینڈ، اٹلی، لکسمبورگ، سائپرس، لٹویا، لتھوینیا، ہنگری، مالٹا، جرمنی، نیدرلینڈز، پرتگال، پولینڈ آسٹریا، رومانیہ، یونان، یوکے و شمالی آئرلینڈ، سلووکیہ، سلووینیا، سپین اور سویڈن ہیں۔

## رومانیہ کا ویزا

### آن لائن ویزا

ویزوں کے اجرا میں آسانی پیدا کرنے کے لیے وزارتِ امور خارجہ نے ای ویزا الیکٹرانک پورٹل کو نئے سرے سے ترتیب دیا ہے جو http://evisa.mae.ro/ پر 24/7 قابل رسائی ہے۔ اِس کا مقصد ڈپلومیٹک مشن / قونصلیٹ میں انتظار کا دورانیہ گھٹانا اور ویزا کی درخواست کے عمل کو احسن طریقے سے نبھانا ہے۔

- eVisa پورٹل درخواست گزاروں کو موقع دیتا ہے کہ وہ ڈپلومیٹک مشن / قونصلیٹ میں جانے سے قبل آن لائن تمام ضروری معلومات اور ضروری دستاویزات اپ لوڈ کرنے کے ذریعے قانونی تقاضے پورے کر سکیں۔ دستاویزات کی تصدیق قونصلر سٹاف کرتا ہے جو آن لائن فیڈ بیک دیتا اور درخواست گزار کو آگاہ کرتا ہے کہ اُسے پورٹل کے ذریعے مخصوص وقت اور تاریخ پر آن لائن اپائنٹمنٹ ملے گی یا نہیں، متعلقہ سفارتی مشن یا قونصلیٹ میں کب آنا ہو گا تا کہ اصل دستاویزات کی تصدیق کروائے اور فائل رجسٹر ہو۔
- eVisa پورٹل اُنھیں کسی بھی وقت اپنی درخواستوں کا سٹیٹس آن لائن چیک کرنے کے قابل بناتا ہے۔

### کیا مجھے ویزا لینے کی ضرورت ہے؟

---

ہاں۔

---

جن ملکوں کے شہریوں کو سادہ پاسپورٹس پر رومانیائی خطے میں آنے کا ویزا لینا ضروری ہے اُن کی فہرست کے لیے اپنڈکس 1 دیکھیں۔
http://www.mae.ro/sites/default/files/file/anul_2019/2019_pdf/anexa_1_en.pdf

پاکستانی شہریوں کے پاس ایک دعوت نامہ ہونا چاہیے جس کی توثیق وزارت امور داخلہ سے انسپکٹوریٹ جنرل برائے امیگریشن نے کی ہو۔ یہ ویزا درخواست کے ساتھ جمع کروانا لازمی ہے۔

نہیں۔

---

سفارتی، سروس / آفیشل اور خصوصی پاسپورٹوں کے حامل افراد پر لاگو ہونے والے قواعد (اپنڈکس 3)۔
http://www.mae.ro/sites/default/files/file/anul_2019/2019_pdf/2019.04.18_anexa_3_en.pdf

**نوٹ: پاکستانی سفارتی پاسپورٹس اور خصوصی پاسپورٹس کے حامل افراد 30 دن کے لیے رومانیہ میں داخل ہونے کے لیے ویزے کے تقاضوں سے مستثنٰی ہیں۔**

**دو یا ملٹی پل اینٹریز کے ساتھ Schengen ویزوں کے حامل، Schengen کی رکن ریاستوں کی جانب سے جاری کردہ قومی ویزے یا رہائشی پرمٹ رکھنے والے افراد۔** فیصلہ نمبر EU/565/2014 کی رُو سے 11 جولائی 2014ء سے رومانیہ مندرجہ ذیل کو اپنے قومی ویزوں (180 روز کے ہر عرصے میں 90 دنیا کے قیام اور ٹرانزٹ کے لیے) کے مساوی تسلیم کرتا ہے:

- Schengen رکن ریاست کی جانب سے جاری کردہ دو یا ملٹی پل مختصر اینٹری ویزا۔
- Schengen رکن ریاست کا جاری کردہ محدود علاقے میں کارآمد ویزا۔
- بلغاریہ، سائپرس یا کروشیا کی جانب سے جاری کردہ مختصر قیام کا ویزا۔
- کسی Schengen رکن ریاست کی جانب سے جاری کردہ طویل قیام کا ویزا۔
- بلغاریہ، سائپرس یا کروشیا کی جانب سے جاری کردہ طویل قیام کا ویزا۔
- کسی Schengen رکن ریاست کی جانب سے جاری کردہ رہائشی پرمٹ۔
- بلغاریہ، سائپرس یا کروشیا کی جانب سے جاری کردہ رہائشی پرمٹ۔
- یورپی یونین کی کسی رکن ریاست کی جانب سے جاری کردہ طویل المدت EC رہائشی پرمٹ (جس کی میعاد 5 سال یا زائد ہو)۔

## ویزے اور قونصلر سروسز

### رومانیہ کی حدود میں اینٹری کی شرائط کے حوالے سے عمومی معلومات

دیگر ریاستوں (جو EU/EEA میں نہیں) کے شہریوں کو ایک اینٹری ویزا لینے کی ضرورت ہے
گورنمنٹ آف رومانیہ ایمر جنسی (ترمیمی) آرڈیننس (GEO) 194/2002 کے آرٹیکل 6 میں دیے گئے تقاضوں پر پورا اُترنے کے لیے رومانیائی بارڈر پوسٹ پہ پہنچنے پر آپ کو چاہیے کہ

a) ایک کارآمد سفری ڈاکومنٹ پیش کریں جسے رومانیہ تسلیم کرتا ہو؛
b) رومانیائی اینٹری ویزا یا رہائشی پرمٹ جمع کروائیں جو GEO 194/2002 (ترمیم شدہ بذریعہ قانون 157/2011) کی مطابقت میں جاری کیا گیا ہو، یا صورت حال کی روشنی میں کوئی بھی اجازت نامہ پیش کریں جو رومانیہ کی سرزمین پر ٹرانزٹ یا قیام کا حق دیتا ہو۔ اس کی بنیاد یورپی قانونی دستاویزات ہیں جو رومانیا پر بھی لاگو ہوتے ہیں، بشرطیکہ اس نے بین الاقوامی معاہدوں کے ذریعے برعکس صورت پر اتفاق نہ کیا ہو؛
c) وہ دستاویزات پیش کریں جو دورے کے مقصد کا جواز پیش کریں، قیام کی شرائط بیان کریں اور سارے قیام کے دوران موزوں وسائل کی موجودگی ثابت کریں۔ نیز آپ کا اپنے اصل ملک میں واپس جانا یا کسی اور ملک میں (جس کے لیے آپ کو بلاشبہ اجازت ہو) ٹرانزٹ کرنے کا ثبوت بھی ہو؛
d) اگر کسی تیسرے ملک کے شہری ملکی سرزمین پر ٹرانزٹ میں ہوں تو اُن کی اپنی منزل مقصود میں اینٹری اور رومانیہ کی سرزمین سے چلے جانا یقینی ہونا چاہیے؛
e) آپ تیسرے ملک کے شہری کی ایسی کیٹگری سے تعلق نہ رکھتے ہوں جنھیں رومانیہ کی سرزمین میں داخل ہونے سے انکار کیا گیا ہے یا اُن کا داخلہ ناپسندیدہ قرار پایا ہے؛
f) Schengen انفارمیشن سسٹم میں آپ کا نام اینٹری سے انکار کرنے کے حوالے سے رجسٹرڈ نہ ہو۔
g) آپ ملکی سلامتی، امن یا صحت کے لیے خطرہ نہ ہوں۔

### اہم بات

براہ مہربانی یاد رکھیں کہ اینٹری ویزا پاس ہونا رومانیہ کی سرزمین میں اینٹری کی ضمانت نہیں۔ رومانیہ جانے کے خواہش مند تمام غیر ملکی شہریوں کو یقینی بنانا ہو گا کہ وہ GEO 194/2002 کے آرٹیکل 18، پیراگراف 1 (رومانیہ میں تیسرے ملک کے شہریوں کے لیے قواعد کے حوالے سے) کے مطابق اوپر مذکور شرائط پوری کریں جس کی ترمیم قانون نمبر 157/2011 کے ذریعے کی گئی۔ ویزا دینے کی شرائط اور اینٹری کی شرائط آپس میں مربوط ہیں۔

## رومانیہ کے ویزوں اور رومانیہ کے سفر کی شرائط کے متعلق عمومی معلومات

ویزا ایک دستاویز ہے جو کسی شخص کو رومانیہ کے بارڈ چیک پوائنٹ پر رپورٹ کرنے اور رومانیہ کی سرزمین پر مختصر قیام کرنے یا ٹرانزٹ کے قابل بناتا ہے۔ بارڈر چیک پوائنٹ کے افسران آپ سے ثبوت مانگیں گے کہ اینٹری اور رومانیائی سرزمین پر قیام کی عمومی شرائط قانون کے مطابق پوری کی گئی ہیں۔ اگر یہ شرائط پوری نہ ہوئیں تو غیر ملکیوں کو رومانیہ کی سرزمین میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی، خواہ اُنھوں نے رومانیہ کا ویزا حاصل کر رکھا ہو۔

رومانیہ میں غیر ملکیوں کے ترمیمی قواعد کے حوالے سے GEO 194/2002 قانون کے مطابق رومانیہ کا ویزا بیرونی ممالک میں رومانیائی سفارتی اور قونصلر مشنز جاری کرتے ہیں۔

## رومانیہ کا ویزا

### رومانیہ کا مختصر قیام کا ویزا

**1-ایئرپورٹ ٹرانزٹ ویزا (marked A)** – اپنڈکس 1 میں شامل تمام ریاستوں (یعنی جن ریاستوں پر ** لگا ہے) کے شہریوں کے لیے لازمی ہے۔ ایئرپورٹ ٹرانزٹ کا حامل شخص کو ایک یا زائد رکن ریاستوں کے ایئرپورٹس کے بین الاقوامی حصوں میں ٹرانزٹ کی اجازت ہوتی ہے۔

**شرائط:** ویزوں کے متعلق کمیونٹی کوڈ کے آرٹیکل (2) 14 کے مطابق، کسی ایئرپورٹ ٹرانزٹ ویزا کے لیے درخواست دینے والے کو مندرجہ ذیل دستاویزی ثبوت مہیا کرنا ہوں گے:

- مطلوبہ ایئرپورٹ ٹرانزٹ کے بعد منزل مقصود کی طرف سفر جاری رکھنے کا ثبوت؛
- یہ اندازہ لگانے کے لیے معلومات کہ درخواست گزار کا ارادہ رکن ریاستوں کے علاقے میں داخل ہونے کا نہیں۔

**2- ٹرانزٹ ویزا (marked B)** – یہ تیسرے ملک کے شہریوں کو رومانیہ کی سرزمین پر ٹرانزٹ کی اجازت دیتا ہے۔ اِس قسم کا ویزا ایک، دو یا ملٹی پل ٹرانزٹس کے لیے جاری کیا جاتا ہے، بشرطیکہ ٹرانزٹ کی ہر مدت 5 دن سے زائد نہ ہو۔

**شرائط:** جس ریاست میں جانا ہے وہاں کے ویزا کا ثبوت اور سفر ٹکٹ، منزل پر پہنچنے کے لیے کارآمد؛ ڈرائیونگ لائسنس؛ گاڑی کے رجسٹریشن ڈاکومنٹس؛ اس کے علاوہ مالک کی ذاتی تفصیلات پر مشتمل گرین کارڈ؛ منزل مقصود اور جن ریاستوں میں ٹرانزٹ ہونا ہے (گاڑیوں کے ڈرائیوروں کی صورت میں)۔

## سیاحتی ویزا (C/TU)

**سیاحتی مقاصد کے لیے مختصر مدت کا ویزا (marked C/TU)** – اس قسم کا ویزا تیسرے ملک کے شہریوں کو جاری کیا جاتا ہے جو سیاحت کی غرض سے رومانیہ جانا چاہتے ہوں۔

### ضروری دستاویزات

- پاسپورٹ جو متوقع قیام کی مدت کے بعد بھی کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو؛
- شناختی کارڈ کی کاپی؛
- 2 تازہ رنگین تصاویر، 3cmx4cm، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ؛
- پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم؛

- ملازمت کا تصدیق نامہ؛
- رومانیہ کے لیے دو طرفہ فلائٹ ٹکٹ کی بکنگ؛
- رومانیہ کے لیے کارآمد میڈیکل انشورنس جو متوقع قیام سے ایک دن زیادہ کی مدت کے لیے ہو اور اِس کی مالیت 50000 یورو سے کم نہ ہو (اصل اور کاپی)؛
- سارے عرصے کے لیے 50 یورو روزانہ کی رقم کے برابر مالیاتی وسائل کا ثبوت، لیکن (اگر میزبان اخراجات ادا کرنے کا اقرار نہ کرے) 500 یورو یا قابلِ تبادلہ مساوی کرنسی سے کم نہیں؛
- کسی سیاحتی یونٹ پر رہائش کی ادائیگی کے ووچر کے طور پر رہائشی انتظامات کا ثبوت؛
- پولیو ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ۔

**ویزا فیس: 80 امریکی ڈالر۔**

## وِزٹ ویزا (C/VV)

**وزٹنگ کے لیے مختصر قیام کا ویزا (C/VV)** – اس قسم کا مختصر مدت کا ویزا تیسرے ممالک کے شہریوں کو جاری کیا جاتا ہے جو نجی دوروں پر رومانیہ جانا چاہتے ہوں۔ یہ رومانیائی شہریوں یا تیسرے ملک کے شہریوں، کارآمد رومانیائی رہائشی پرمٹ کے حامل افراد کی جانب دعوت پر دیا جاتا ہے۔

### ضروری دستاویزات

- پاسپورٹ جو متوقع قیام کی مدت کے بعد بھی کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو؛
- شناختی کارڈ کی کاپی؛
- 2 تازہ رنگین تصاویر، 3cmx4cm، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ؛
- پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم؛
- ملازمت کا تصدیق نامہ؛
- رومانیہ کے لیے دو طرفہ فلائٹ ٹکٹ کی بکنگ؛
- رومانیہ کے لیے کارآمد میڈیکل انشورنس جو متوقع قیام سے ایک دن زیادہ کی مدت کے لیے ہو اور اِس کی مالیت 50000 یورو سے کم نہ ہو (اصل اور کاپی)؛
- میزبان کی جانب سے تصدیق شدہ دعوت نامہ جس میں کہا گیا ہو کہ اگر مدعو کیے گئے شخص نے ویزے کے مطابق قیام کی مدت ختم ہونے پر رومانیہ نہ چھوڑا تو اُسے وطن واپس بھجوانے کے اخراجات وہ ادا کرے گا، نیز اُس کی کفالت اور رہائش کے انتظامات کیے جائیں گے (اگر میزبان نے یہ اخراجات اُٹھانے کا اقرار کیا ہو)؛
- سارے عرصے کے لیے 50 یورو روزانہ کی رقم کے برابر مالیاتی وسائل کا ثبوت، لیکن (اگر میزبان اخراجات ادا کرنے کا اقرار نہ کرے) 500 یورو یا قابلِ تبادلہ مساوی کرنسی سے کم نہیں؛
- اگر میزبان رہائش فراہم نہ کر رہا ہو تو رہائش کے انتظامات کا ثبوت، کسی سیاحی قیام گاہ پر ٹھوس ریزرویشن، رومانیہ میں رہائش کے لیے ملکیتی معاہدہ یا کرایہ نامہ جو درخواست گزار کے نام پر ہو۔
- پولیو ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ۔

**ویزا فیس: 80 امریکی ڈالر۔**

## بزنس ویزا(C/A)

### ضروری دستاویزات

- پاسپورٹ جو متوقع قیام کی مدت کے بعد بھی کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو؛
- شناختی کارڈ کی کاپی؛
- 2 تازہ رنگین تصاویر، 3cmx4cm، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ؛
- پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم؛
- ملازمت کا تصدیق نامہ؛
- رومانیہ جانے کی وجہ کا دستاویزی ثبوت؛
- رومانیہ کے لیے دو طرفہ فلائٹ ٹکٹ کی بکنگ؛
- رومانیہ کے لیے کارآمد میڈیکل انشورنس جو متوقع قیام سے ایک دن زیادہ کی مدت کے لیے ہو اور اِس کی مالیت **50000 یورو** سے کم نہ ہو (اصل اور کاپی)؛
- تجارت یا صنعت سے متعلقہ میٹنگوں، کانفرنسوں، میلوں یا کانگریسوں میں شرکت کے لیے کمپنی یا عوامی اتھارٹی کی جانب سے اصل دعوت نامہ جس میں کمپنی یا عوامی اتھارٹی نے اقرار کیا ہو کہ اگر تیسرے ملک کے شہری نے ویزا یا دیگر سفری دستاویزات پر اپنے قیام کی مدت ختم ہونے سے پہلے رومانیہ نہ چھوڑا تو وہ اُسے وطن واپس بھجوانے کے اخراجات اُٹھائے گی۔
- سارے عرصے کے لیے 50 یورو روزانہ کی رقم کے برابر مالیاتی وسائل کا ثبوت، لیکن (اگر میزبان اخراجات ادا کرنے کا اقرار نہ کرے) **500 یورو** یا قابلِ تبادلہ مساوی کرنسی سے کم نہیں؛
- رہائش کے انتظامات کا ثبوت۔
- پولیو ویکسی نیشن کا سرٹیفیکیٹ۔

**ویزا فیس: 80 امریکی ڈالر۔**

### اہم بات:

1- معاشی یا تجارتی مقاصد کی غرض سے رومانیہ آنے کے خواہش مند تیسرے ملک کے شہریوں کے لیے:

- معاہدے طے کرنے یا بات چیت کے لیے؛
- مقامی ملازمین کو تربیت دینے یا تجارتی و صنعتی تعاون کے معاہدوں کے تحت حاصل یا فروخت کی گئی اشیا استعمال کرنے اور چلانے کا عمل چیک کرنے کے لیے؛
- نیز تیسرے ملک کے ایسے شہری جو رومانیہ میں کمپنیوں کے ایسوسی ایٹ یا شیئر ہولڈر رہیں یا بنیں گے۔

**اِس سے متعلقہ ویزا کی قسم C/A ہے (اس کا اطلاق اُن پاکستانیوں پر ہوتا ہے جو معاشی یا تجارتی مقاصد کے تحت رومانیہ جانے کے خواہش مند ہیں)۔**

دستاویزاتی ثبوت درست اور مکمل کر کے جمع کروانے ہوں گے تاکہ مذکورہ بالا میں سے کسی کیٹگری میں سفر کے مقصد کو شناخت کیا جائے۔ سفارت خانہ صرف مستند اور درست دستاویزات پر اور مختصر قیام کے لیے ہی کاروباری ویزے جاری کرتا ہے۔

2- اگر تیسرے ملک کے شہریوں کو رکھا گیا ہو:

- زیادہ لمبے عرصے کی بلا تنخواہ انٹرن شپس، ملازمت کی تبدیلی یا پیشہ ورانہ تربیت کے لیے، پبلک یا پرائیویٹ سیکٹر کی کمپنی کے اندر،

نافذ العمل قومی قوانین کے مطابق، یا تسلیم شدہ پروفیشنل تربیت دینے والی تنظیم میں؛

- کسی غیر ملکی کمپنی کی جانب سے جس کے ہیڈ کوارٹرز عالمی تجارتی تنظیم کی کسی رکن ریاست کی سرزمین پر ہوں) رومانیہ کی سرزمین پر واقع اپنے ہی نمائندہ دفتر، شاخ یا ریجنل آفس کو؛ یا کسی تجارتی کمپنی، رومانیائی قانونی شخص کو جس کا شیئر ہولڈر یا ایسوسی ایٹ غیر ملکی کمپنی ہے، جو وہی مقصد رکھتی ہے، بشرطیکہ وہ ثابت کر سکیں کہ وہ کسی اور رومانیائی قانونی شخص کے ساتھ ملازمتی تعلق نہیں رکھتے۔
- بیرونِ ملک ہیڈ کوارٹر رکھنے والے ایمپلائر کی جانب سے رومانیہ میں ی قانونی شخص کو، دونوں فریقین کے درمیان پانے والے کمرشل سروس کے معاہدے کی بنیاد پر۔

اس سے متعلقہ ویزا D/AS ہے۔

3- ورک پرمٹ کی بنیاد پر ملازم کی عارضی منتقلی کے لیے، رومانیائی امیگریشن آفس کی جانب سے جاری کردہ، قومی قوانین کی روشنی میں۔

اِس سے متعلقہ ویزا D/DT ہے (اس کا اطلاق صرف ایسے پاکستانیوں پر ہوتا ہے جن کا تبادلہ عارضی طور پر رومانیہ میں کیا گیا ہو۔

## ثقافتی، سائنسی اور انسانی ہمدردی کی سرگرمیوں کے لیے ویزا (C/ZA)

ثقافتی، سائنسی اور انسانی ہمدردی کی سرگرمیوں، مختصر المدت میڈیکل علاج یا کسی اور ایسی سرگرمیوں کے لیے ویزا جو رومانیائی قوانین کے منافی نہ ہوں (marked C/ZA) – اس قسم کا مختصر قیام کا ویزا تیسرے ملک کے شہریوں کو دیا جاتا ہے جو رومانیہ کا سفر کرنا چاہتے ہوں، بشرطیکہ رومانیائی سرزمین پر اُن کی موجودگی کا جواز بنتا ہے۔

**ضروری دستاویزات:**

- پاسپورٹ جو متوقع قیام کی مدت کے بعد بھی کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو؛
- شناختی کارڈ کی کاپی؛
- 2 تازہ رنگین تصاویر، 3cmx4cm، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ؛
- پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم؛
- ملازمت کا تصدیق نامہ؛
- رومانیہ کے لیے دوطرفہ فلائٹ ٹکٹ کی بُکنگ؛
- رومانیہ کے لیے کارآمد میڈیکل انشورنس جو متوقع قیام سے ایک دن زیادہ کی مدت کے لیے ہو اور اِس کی مالیت 50000 یورو سے کم نہ ہو (اصل اور کاپی)؛
- اداروں کی جانب سے جاری کردہ دستاویزات جن میں تیسرے ملک کے شہریوں کو دعوت دی گئی ہو اور رومانیہ میں اُن کی موجودگی کا جواز پیش کیا گیا ہو۔
- سارے عرصے کے لیے 50 یورو روزانہ کی رقم کے برابر مالیاتی وسائل کا ثبوت، لیکن (اگر میزبان اخراجات ادا کرنے کا اقرار نہ کرے) 500 یورو یا قابلِ تبادلہ مساوی کرنسی سے کم نہیں؛
- رہائش کے انتظامات کا ثبوت۔
- پولیو ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ۔

**ویزا فیس: 80 امریکی ڈالر۔**

**سپورٹس کے لیے (marked C/SP)** –اس قسم کا مختصر قیام کا ویزا تیسرے ملک کے شہریوں کو دیا جاتا ہے جو رومانیہ کا سفر کرنا چاہتے ہوں (محدود عرصے کے لیے) تا کہ کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لے سکیں۔

**مشن کے لیے (marked C/M)** –اس قسم کا مختصر قیام کا ویزا تیسرے ملک کے شہریوں (اور اُن کے اہل خانہ) کو دیا جاتا ہے جو سیاسی، انتظامی یا عوامی نظریات سے متعلقہ وجوہ کی بنا پر رومانیہ کا سفر کرنا چاہتے ہوں۔ اِس قسم کا ویزا حکومتوں، عوامی انتظامیہ یا بین الاقوامی تنظیموں میں آفیشل عہدوں پر فائز تیسرے ملک کے شہریوں کو جاری کیا جاتا ہے۔

**ٹرانسپورٹ کے لیے (marked C/TR)** –اس قسم کا مختصر قیام کا ویزا تیسرے ملک کے شہریوں کو دیا جاتا ہے جو (مختصر عرصوں کے لیے) رومانیہ کا سفر کرنا چاہتے ہوں، تا کہ تجارتی سامان اور مسافروں کو لیجانے سے متعلقہ پیشہ ورانہ امور انجام دے سکیں۔

## مختصر قیام کے ویزے کے لیے پہلے سے منظور شدہ دعوت نامے کا طریقہ کار

اگر آپ مندرجہ ذیل ممالک کے شہری ہیں تو پہلے سے منظور شدہ دعوت نامہ حاصل کرنے کے لیے خاص طریقہ اختیار کرنا ہو گا۔
http://www.mae.ro/sites/default/files/file/userfiles/file/pdf/servicii-consulare/Tabel_invitatii_vize_straini.pdf

## IX-رومانیہ کا مختصر قیام کا ویزا کیسے دیا جاتا ہے

### جنرل انسپکٹوریٹ برائے امیگریشن (رومانیہ کی وزارت برائے داخلہ امور) سے منظور شدہ دعوت نامے کی بنیاد پر ویزا حاصل کرنا۔

1. جن ریاستوں کے شہریوں کو رومانیہ میں داخل ہونے کے لیے ویزے کی ضرورت ہے اُن میں سے کچھ ریاستوں کے شہریوں کو C/VV، C/TU اور C/A ویزے اپلائی کرتے وقت جنرل انسپکٹوریٹ برائے امیگریشن (رومانیہ کی وزارت برائے داخلہ امور، IGI-MAI) سے منظور شدہ دعوت نامے لینا پڑتے ہیں۔ آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اُن ریاستوں کی فہرست دیکھیں جن کے شہری صرف جنرل انسپکٹوریٹ برائے امیگریشن سے منظور شدہ دعوت نامے کی بنیاد پر ہی مختصر قیام کا ویزا حاصل کر سکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل ریاستوں کے شہریوں کو مذکورہ بالا دعوت نامہ لینا ضروری ہے: افغانستان، الجیریا، انگولا، بنگلہ دیش، چین، چاڈ، جمہوریہ کونگو، عوامی جمہوریہ کوریا، مصر، ہندوستان، انڈونیشیا، اردن، عراق، ایران، لبنان، لیبیا، مالی، مراکش، موریطانیہ، نائجیریا، **پاکستان**، فلسطین، شام، صومالیہ، سری لنکا، سوڈان، جنوبی سوڈان، تیونس، ازبکستان، یمن۔
   - دعوت نامے کا نمونہ یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔
   - ضمانتی لیٹر تیار کرنے کے طریقے کا نمونہ یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے، اور ضمانتی لیٹر کا نمونہ یہاں سے۔
2. IGI-MAI دعوت نامہ مختصر قیام کے مندرجہ ذیل ویزوں کے لیے اپلائی کرتے وقت درکار ہوتا ہے: **پرائیویٹ وزٹ، سیاحت اور کاروبار۔**
3. رومانیہ جانے کے مقصد کی بنیاد پر کچھ دستاویزات کے ہمراہ دعوت نامے کی دو اصل کاپیاں پُر کر کے منظوری کے لیے جنرل انسپکٹوریٹ فار امیگریشن کے علاقائی دفاتر میں جمع کروائی جائیں گی۔
4. منظوری مل جانے کی صورت میں دعوت نامے کی ایک کاپی دعوت دینے والے میزبان کو واپس کر دی جائے گی جو وہ تیسرے ملک کے شہری کو بھجوائے گا، اور وہ شہری اصل فارم رومانیہ کے اُس سفارتی مشن یا قونصلیٹ کو 30 دن کے اندر اندر پیش کرے گا جہاں ویزے کی درخواست دی جائے گی۔ تیسرے ملک کا شہری دعوت نامے کی منظوری کے بعد 30 دن کے اندر اندر ویزا اپلائی کر سکتا ہے۔ اگر قبل ازیں اس قسم کے درخواست گزار کے مدعو کردہ افراد میں سے کوئی ویزے کی میعاد کے اندر اندر رومانیہ کی سرزمین سے نہیں گیا تھا تو کسی درخواست گزار کو ایک نیا دعوت نامہ جمع کروانے کی اجازت نہیں، خواہ مقصد کچھ بھی ہو۔
5. دعوت نامے سے استثنٰی کی منظوری جنرل انسپکٹوریٹ فار امیگریشن دیتا ہے۔
6. براہ مہربانی یاد رکھیں کہ نیچے دی گئی صورتوں میں موزوں دستاویزات کی تصدیق ہونی چاہیے۔ نیز۔ یہ بھی خیال رکھیں کہ نیچے دیے گئے تقاضوں میں سے کم از کم ایک کو پورا کرنے سے ویزا کا درخواست گزار مطلوبہ دستاویزی ثبوت جمع کروانے سے مستثنٰی نہیں ہو جاتا۔ اِس کا انحصار دورے کے مقصد اور اپلائی کیے گئے ویزے کی قسم پر ہے (دیکھیں آئٹم VIII.2)۔

نیچے دی گئی کیٹگریوں میں آنے والے شہری IGI-MAI دعوت نامہ لیے بغیر (ایمرجنسی گورنمنٹ آرڈیننس – EGO – نمبر 194/2002 کے آرٹیکل 40، پیرا 20 کے مطابق جس میں بعد ازاں ترمیم و اضافہ کیا گیا) ویزا اپلائی کر سکتے ہیں۔

- کم عمر شہری جن کا باپ /ماں پناہ گزیں ہو یا رومانیہ میں رہائشی پرمٹ رکھتا ہے، بشرطیکہ وہ پرمٹ اینٹری ویزا دیے جانے کے وقت کم از کم 90 دن تک کارآمد ہو؛
- ایسے شہری کی بیوی/شوہر اور والدین جو پناہ گزیں ہو اور رومانیہ میں رہائشی پرمٹ رکھتا ہو، بشرطیکہ وہ پرمٹ اینٹری ویزا دیے جانے کے وقت کم از کم 90 دن تک کارآمد ہو؛
- بالغ عمر کے شہری جن کا باپ /ماں رومانیہ کا شہری ہو؛
- ایسا شہری جو کسی رومانیائی شہری کا باپ /ماں ہو۔

اس کے علاوہ مختصر قیام کے ویزے تیسرے ملک کے شہریوں کو IGI-MAI دعوت نامے سے استثنیٰ کے ساتھ دیے جاسکتے ہیں (ایمرجنسی گورنمنٹ آرڈیننس- EGO -نمبر 194/2002 کے آرٹیکل 40، پیرا 20 کے مطابق جس میں بعد ازاں ترمیم و اضافہ کیا گیا)۔

- ایسے شہری جن کی شادی رومانیہ کی شہریوں کے ساتھ ہوئی ہے؛
- ایسے شہری جو رومانیہ کے شہریوں کے نابالغ بچے ہیں۔

## رومانیہ کا طویل المدت ویزا

رومانیہ کا طویل المدت ویزے کی شناخت نیچے دی گئی علامات میں سے ایک کے ذریعے ہوتی ہے۔اِس کا انحصار اُس سرگرمی پر ہے جو تیسرے ملک کا شہری رومانیہ کی سرزمین پر انجام دے گا:

### ایمپلائمنٹ ویزا(D/AM)

### ملازمت کے لیے طویل المدت ویزا(GEO 194/2002 کے ترمیمی آرٹیکل 44 کے مطابق)۔(marked D/AM)۔

1) تبادلے میں آنے والے ورکرز کے لیے ورک پرمٹ کی استثنیٰ کے ساتھ طویل المدت ویزا برائے ملازمت تیسرے ملک کے شہریوں کو رومانیائی امیگریشن آفس کی جانب سے جاری کردہ ورک پرمٹ کی بنیاد پر دیا جاتا ہے (نافذ العمل قانون کی مطابقت میں)۔

2) ویزے کی درخواست مندرجہ ذیل ضروری دستاویزات کے ہمراہ جمع کروانی چاہیے:

- پاسپورٹ جو متوقع قیام کی مدت کے بعد بھی کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو؛
- شناختی کارڈ کی کاپی؛
- 2 تازہ رنگین تصاویر،3cmx4cm،سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ؛
- پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم؛
- ریکروٹنگ ایجنسی کی جانب سے لیٹر؛
- رومانیہ کے لیے دوطرفہ فلائٹ ٹکٹ کی بکنگ؛
- رومانیہ کے لیے کارآمد میڈیکل انشورنس جو متوقع قیام سے ایک دن زیادہ کی مدت کے لیے ہو اور اِس کی مالیت **50000 یورو** سے کم نہ ہو (اصل اور کاپی)؛
- رومانیہ کے امیگریشن آفس کی جانب سے جاری کردہ ورک پرمٹ کا اصل؛
- ویزا میں بتائے گئے مکمل عرصے کے لیے کم از کم ضمانت شدہ تنخواہ کی طرح پر گزارا کرنے کے وسائل کا ثبوت؛
- مجرمانہ ریکارڈ یا کوئی اور دستاویز جو یہی قانونی اہمیت رکھتا ہو اور اصل یا رہائشی ملک کے حکام نے جاری کیا ہو؛
- رہائش کے انتظامات کا ثبوت؛
- پولیو ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ۔

**ویزا فیس:150 امریکی ڈالر۔**

3) طویل المدت ویزا برائے ملازمت تیسرے ملک کے شہریوں کی مندرجہ ذیل کیٹگریوں کو بغیر ورک پرمٹ بھی دیا جاتا ہے جنھیں رومانیہ سے تعلق رکھنے والے باشندوں یا کمپنیوں کے ملازم ہو سکتے ہیں:

a) تیسرے ملک کے شہری جن کی بغیر ورک پرمٹ رومانیائی لیبر مارکیٹ تک رسائی معاہدوں یا یادداشتوں (جن میں رومانیہ ایک فریق ہے) کے متن کے ذریعے ثابت شدہ ہے؛

b) تیسرے ملک کے شہری جو رومانیہ کے تصدیق شدہ اداروں میں (دوطرفہ معاہدوں یا متعلقہ وزارت کے حکم کی بنیاد پر) تعلیمی، سائنسی سرگرمیاں یا عارضی نوعیت کی مخصوص سرگرمیاں انجام دیتے ہوں؛

c) تیسرے ملک کے شہری جو وزارتوں کی درخواست پر، مرکزی یا مقامی انتظامیہ یا خودمختار انتظامی حکام کے کہنے پر رومانیہ کی سرزمین پر عارضی سرگرمیاں انجام دینے کے پابند ہوں؛

d) تیسرے ملک کے شہری جو رومانیہ کی سرزمین پر واقع کمپنی کے برانچ آفسز کے نامزد کردہ سربراہ یا نمائندے ہوں لیکن بیرونی ملک مقیم ہوں اور جو درخواست کی تاریخ پر کسی رومانیائی کمپنی کے اندر شیئر ہولڈر یا منتظم نہ ہوں۔

4) تیسرے ملک کا شہری ورک پرمٹ جاری ہونے کی تاریخ کے بعد 60 دن کے اندر اندر ملازمت کے لیے طویل المدت ویزا اپلائی کر سکتا ہے۔ ویزا کا اجرا 'نیشنل ویزا سنٹر' درخواست جمع کروائے جانے کے بعد دس دن کے اندر اندر کرتا ہے اور آرٹیکل 30(7) میں تجویز کردہ پیشگی توثیق کی ضرورت نہیں۔

5) پیراگراف 3 میں مذکور تیسرے ملک کے شہریوں رومانیائی امیگریشن آفس کی توثیق ضروری ہے (جس کا ذکر آرٹیکل 30(7) میں کیا گیا ہے)۔

## دیگر مقاصد کے لیے ویزا

### ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 49 کی مطابقت میں دیگر مقاصد کے لیے طویل المدت ویزا (marked D/AS)۔

1) دیگر مقاصد کے لیے طویل المدت ویزا درخواست ملنے پر اُس ملک میں رومانیہ کے سفارتی مشنز اور قونصلر دفاتر جاری کرتے ہیں جہاں وہ رہائش پذیر یا مقامی ہوں۔ یہ مندرجہ ذیل کیٹگریوں کو دیا جاتا ہے:

a) جنھیں کمرشل کمپنیوں کے منتظمین نامزد کیا گیا ہو، اگر وہ مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اترنا ثابت کر سکیں:

- اُن کا کام مینیجر کی نوعیت کا ہو؛
- درخواست کیے جانے کی تاریخ پر وہ زیر حوالہ کمرشل کمپنی یا کسی اور رومانیائی قانونی شخص کے شیئر ہولڈر یا ایسوسی ایٹ نہ ہوں اور گزشتہ دو سال سے بھی نہ رہے ہوں۔
- زیرِ حوالہ کمرشل کمپنی کے اندر کوئی اور ایسا غیر ملکی نہ ہو جسے اسی مقصد کے لیے رہائشی پرمٹ دیا جا چکا ہو؛
- زیر حوالہ کمرشل کمپنی نے کم از کم 50000 یورو کی سرمایہ کاری کی ہو یا اتنی مالیت کی ٹیکنالوجی ٹرانسفر کی ہو؛

b) ایسے افراد جو پبلک یا پرائیویٹ سیکٹر کے کاروبار میں یا منظور شدہ ووکیشنل تربیتی ادارے کے ساتھ بلا معاوضہ پروفیشنل ٹریننگ / کوالیفکیشن کی غرض سے رومانیہ کی سرزمین میں آنے کی درخواست کریں، بشرطیکہ وہ مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اترنا ثابت کر سکیں:

- اُنھوں نے پبلک یا پرائیویٹ سیکٹر کے کاروبار یا منظور شدہ ووکیشنل تربیتی ادارے میں بلا معاوضہ شرکت کے لیے ایک تربیتی معاہدہ طے کیا ہوا ہو؛
- وہ ویزے کی ساری مدت کے دوران قومی معیشت کی سطح پر کم از کم ماہانہ اوسط اجرت پر گزارہ کرنے کے کافی وسائل رکھتے ہوں؛
- اُنھوں نے اِس مقصد کے لیے (اگر غیر ملکی فرد نابالغ ہے) رومانیہ کیس رزمین پر ٹھہرنے کے حوالے سے والدین یا ٹیوٹر کا معاہدہ کیا ہوا ہو۔

c) ایسے افراد کو جو رضاکارانہ کام کے پروگراموں کے دائرۂ کار میں سرگرمیاں انجام دیتے ہوں، بشرطیکہ وہ بیک وقت مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اترنا ثابت کر سکیں:

- اُنھوں نے بلا منافع نوعیت کے پبلک یا پرائیویٹ قانون کے تحت کسی قانونی فرد کے ساتھ معاہدے طے کیا ہو جس کا مزید ذکر بطور "میزبان تنظیم" کیا گیا ہے، اور وہ تنظیم غیر ملکی کو وہ سرگرمی تفویض کرے، سرگرمیاں انجام دیتے وقت نگرانی کی شرائط اور کام کرنے کے اوقات مقرر کرے؛
- میزبان تنظیم کو چاہیے کہ ویزا کی ساری مدت کے دوران دیگر اخراجات کے ساتھ ساتھ رہائش، گزارا کرنے کے وسائل اور ہیلتھ انشورنس کو یقینی بنائے؛
- کم از کم 14 سال کی عمر کو پہنچ چکا ہو؛
- اِس مقصد کے لیے رومانیہ کی سرزمین پر قیام کے حوالے سے والدین یا ٹیوٹر کے ساتھ معاہدہ (اگر غیر ملکی فرد نابالغ ہے)۔

d) جو لوگ پرائیویٹ یا پبلک میڈیکل سہولیات میں طویل المدت علاج کروا رہے ہیں، اگر وہ زیر حوالہ اداروں کی جانب سے قبولیت کا لیٹر پیش کر دیں جس میں تشخیص اور علاج کے دورانیے کا ذکر ہو۔ اِس قسم کا ویزا ممکنہ طور پر ساتھ آنے والے شخص کو بھی دیا جا سکتا ہے جو مریض کی دیکھ بھال کرے، بشرطیکہ کہ قبولیت کے لیٹر میں اِس کا ذکر کیا گیا ہو؛

e) دیگر سرگرمیاں انجام دینے والوں کو جو رومانیائی قانون سازی کے منافی ہوں، اگر رومانیہ کی سرزمین پر اُن کی موجودگی کا جواز بنتا ہو۔

2) پیرا (1) کے تحت آنے والے غیر ملکیوں کو ویزا اُس وقت دیا جائے گا جب وہ مندرجہ ذیل پیش کریں:

- پاسپورٹ جو متوقع قیام کی مدت کے بعد بھی کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو؛

- شناختی کارڈ کی کاپی؛
- 2 تازہ رنگین تصاویر، 3cmx4cm، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ؛
- پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم؛
- ملازمت کی تصدیق کا لیٹر؛
- رومانیہ کے لیے دو طرفہ فلائٹ ٹکٹ کی بکنگ؛
- رومانیہ کے لیے کارآمد میڈیکل انشورنس جو متوقع قیام سے ایک دن زیادہ کی مدت کے لیے ہو اور اِس کی مالیت **50000 یورو** سے کم نہ ہو (اصل اور کاپی)؛
- سارے عرصے کے لیے **50 یورو روزانہ** کی رقم کے برابر مالیاتی وسائل کا ثبوت، لیکن (اگر میزبان اخراجات ادا کرنے کا اقرار نہ کرے) **500 یورو** یا قابلِ تبادلہ مساوی کرنسی سے کم نہیں؛
- مجرمانہ ریکارڈ یا کوئی اور دستاویز جو یہی قانونی اہمیت رکھتا ہو اور اصل یا رہائشی ملک کے حکام نے جاری کیا ہو؛
- رہائش کے انتظامات کا ثبوت؛
- پولیس کلیئرنس سرٹیفکیٹ یا یکساں عدالتی اہمیت رکھنے والی کوئی اور دستاویز جو اصل ملک کے حکام نے جاری کیا ہو؛
- رومانیہ میں مطلوبہ قیام کو ثابت کرنے والے دستاویزات کا اصل؛
- پولیو ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ۔

**ویزا فیس: 150 امریکی ڈالر۔**

## ملازمت کی عارضی منتقلی کا ویزا(D/DT)

ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 49 کی مطابقت میں ملازمت کی عارضی منتقلی کا ویزا(marked D/DT)۔

1) قومی قانون کے مطابق رومانیائی امیگریشن آفس کی جانب تیسرے ملک کے شہریوں کو عارضی ورکرز کے لیے ورک پرمٹ کی بنیاد پر طویل المدت ویزا دیا جاتا ہے۔

2) ملازمت کی عارضی منتقلی (secondment) کے لیے طویل المدت ویزا تیسرے ملک کے شہریوں کو دیا جاتا ہے جو یورپی یونین کی کسی رکن ریاست، یورپیئن اکنامک ایریا یا سوئٹزرلینڈ میں واقع ہیڈ کوارٹرز میں ملازم افراد کو جاری ہوتا ہے جن کا تبادلہ رومانیہ میں کیا گیا ہو، جن کے پاس اُس ریاست کا جاری کردہ رہائشی پرمٹ ہو، جنھیں ورک پرمٹ کے بغیر رومانیائی قانونی یا فطری افراد کے لیے سرگرمیاں سونپی گئی ہوں۔

3) GEO 194/2002 کے آرٹیکل (2)44 اور (4) کے قوانین لاگو ہوتے ہیں۔

4) پیراگراف (2) میں مذکور تیسرے ملک کے شہریوں کے لیے رومانیائی امیگریشن آفس سے توثیق، GEO 194/2002 کے آرٹیکل (7) 30 کے مطابق، لازمی ہے۔

### ضروری دستاویزات:

- پاسپورٹ جو متوقع قیام کی مدت کے بعد بھی کم از کم تین ماہ تک کارآمد ہو؛
- شناختی کارڈ کی کاپی؛
- 2 تازہ رنگین تصاویر، 3cmx4cm، سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ؛
- پُر کیا ہوا ویزا درخواست فارم؛
- ملازمت کی تصدیق کا لیٹر؛
- رومانیہ کے لیے دوطرفہ فلائٹ ٹکٹ کی بُکنگ؛
- رومانیہ کے لیے کارآمد میڈیکل انشورنس جو متوقع قیام سے ایک دن زیادہ کی مدت کے لیے ہو اور اِس کی مالیت **50000 یورو** سے کم نہ ہو (اصل اور کاپی)؛
- رومانیہ کے امیگریشن آفس کی جانب سے جاری کردہ اصل پرمٹ؛
- سارے عرصے کے لیے کم از کم ضمانت شدہ اجرت کی سطح پر اپنا گزارا کرنے کے وسائل کا ثبوت؛
- مجرمانہ ریکارڈ یا کوئی اور دستاویز جو یہی قانونی اہمیت رکھتا ہو اور اصل یا رہائشی ملک کے حکام نے جاری کیا ہو؛
- رہائش کے انتظامات کا ثبوت؛
- پولیو ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ۔

**ویزا فیس: 150 امریکی ڈالر۔**

## خاندان سے ملاپ کے لیے ویزا (D/VF)

ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 46 کی مطابقت میں خاندان سے دوبارہ ملاک کے لیے طویل المدت ویزا (marked D/VF)۔

1) ایک سال تک کارآمد عارضی رہائشی پرمٹ، ایک یورپیئن یونین بلیو کارڈ، ایک مستقل رہائشی پرمٹ، یا سپانسر (جسے پناہ گزین کی حیثیت یا ضمنی تحفظ سے فائدہ ہو) کا حامل شخص مندرجہ ذیل کے ساتھ دوبارہ ملاپ کی درخواست دے سکتا ہے:

a) شوہر/بیوی؛

b) سپانسر یا شوہر/بیوی کے غیر شادی شدہ کم عمر بچے، بشمول لے پالک بچے؛

c) سپانسر کے غیر شادی شدہ کم عمر بچے، بشمول لے پالک بچے، جو سپانسر کی دیکھ بھال میں ہوں اور جن پر سپانسر کو والدین والے حقوق حاصل ہوں۔ اگر والدین والے حقوق مشترکہ طور پر استعمال ہوں تو والدین میں سے دوسرے فرد کی منظوری لینے کے بعد ہی سپانسر کی درخواست پر خاندان کا دوبارہ ملاپ ہو سکتا ہے۔

d) شوہر/بیوی کے غیر شادی شدہ کم عمر بچے (بشمول لے پالک بچے) جو بیوی/شوہر کی دیکھ بھال میں ہیں جن پر وہ اپنے والدینی حقوق استعمال کرتے ہیں۔ اگر والدین والے حقوق مشترکہ طور پر استعمال ہوں تو والدین میں سے دوسرے فرد کی منظوری لینے کے بعد ہی سپانسر کی درخواست پر خاندان کا دوبارہ ملاپ ہو سکتا ہے۔

2) رومانیائی امیگریشن آفس مندرجہ ذیل کیٹگریوں کے لیے خاندان کی دوبارہ یکجائی کی منظوری دے سکتا ہے، بشرطیکہ قانونی شرائط پوری ہوں:

a) سپانسر یا شوہر/بیوی کے بالترتیب سگے رشتے دار، اگر اس قسم کے افراد اپنی کفالت خود نہیں کر سکتے اور اُنھیں اپنے وطن میں موزوں خاندانی معاونت حاصل نہیں ہے؛

b) اگر سپانسر یا شوہر/بیوی کے غیر شادی شدہ بالغ بچے میڈیکل وجوہ کی بنا پر اپنی کفالت کرنے کے قابل نہ ہوں؛

3) ساتھ نہ آنے والے کم عمر بچے جو پناہ گزین کی حیثیت یا تحفظ سے فائدہ اٹھائیں، وہ مندرجہ ذیل کے لیے خاندان کی یکجائی کی درخواست کر سکتے ہیں:

a) بالترتیب سگے رشتے دار یا قانونی سرپرست؛

b) جب ایسے افراد موجود نہ ہوں یا اُن کو شناخت نہ کیا جا سکے تو کم سن کا کوئی بھی اور رشتے دار۔

6) تیسرے ملک کے شہریوں، سائنسی تحقیق کی خاطر قیام کے حق دار افراد اور یورپیئن یونین بلیو کارڈ کے حامل تیسرے ملک کے شہریوں کی کیٹگریاں پیراگراف (1) میں بتائی گئی ہیں؛ یہ تب بھی خاندان کی یکجائی کی درخواست دے سکتے ہیں جب ان کے رہائشی پرمٹ کی میعاد ختم ہونے میں ایک سال سے کم مدت رہ گئی ہو۔

7) معیاری درخواست اُس رومانیائی امیگریشن آفس کے مقامی یونٹس کے پاس جمع کروانا ہوگی جس کے دائرۂ اختیار میں درخواست گزار قانونی طور پر رہائش پذیر ہے۔ ساتھ میں مندرجہ ذیل دستاویزی ثبوت دینا ہوں گے:

a) شادی کا سرٹیفکیٹ یا رشتے کا ثبوت (حسبِ ضرورت)؛

b) درخواست گزار کا مصدقہ بیان جس میں وہ اقرار کرے کہ اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ زندگی گزارے گا؛

c) دستاویز کی ایک کاپی جو رومانیہ کی سرزمین پر قیام کے حق کا ثبوت دے؛

d) کسی رہائشی جگہ کی قانونی ملکیت کا ثبوت جسے رومانیہ میں اِس جیسے کسی گھرانے کے لیے موزوں قرار دیا گیا ہو؛

e) کفالت کے وسائل کا ثبوت؛

f) درخواست گزار کی سوشل ہیلتھ انشورنس کا ثبوت؛
g) نابالغ بچے کی مشترکہ تحویل رکھنے والے شخص کا تحریری بیان جس کے لیے خاندانی یکجائی کی درخواست کی گئی تھی۔ اس میں بیان دیا گیا ہو کہ وہ فیصلے سے متفق ہیں اور اُنھیں بچے کے رومانیہ میں سپانسر کے پاس رہنے پر کوئی اعتراض نہیں؛
h) خاندان کے اُس رکن کے پاس موجود سفری دستاویز کی ایک کاپی جس کے لیے خاندان کی دوبارہ یکجائی کی درخواست کی گئی ہے؛
i) پولیو ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ۔

8) اگر شادی یا رشتے داری کے حوالے سے کوئی شکوک سامنے آئیں تو رومانیائی امیگریشن آفس مزید ثبوت مانگ سکتا ہے تاکہ متعلقہ افراد کے درمیان تعلق کی نوعیت جانچ سکے۔

9) درخواست مندرجہ ذیل شرائط پوری ہونے کی صورت میں ہی منظور کی جاتی ہے:
a) دو شادیاں یا کثیر شادیاں ملوث نہ ہوں؛
b) درخواست ویسی ہی رہائشی جگہ کا مالک ہو جسے ایسے ہی رومانائی خاندان کے لیے موزوں تصور کیا جاتا ہو؛
c) درخواست گزار قومی قانون کے مطابق مالیاتی ذرائع کا ثبوت دے سکتا ہے، علاوہ ازیں اپنی کفالت کے لیے درکار ثبوت کے۔ کنبے کے ہر ایک فرد کے لیے رقم کم از کم نیٹ اُجرت کے مساوی ہونی چاہیے۔
d) خاندان کی دوبارہ یکجائی کی درخواست کرنے والا شخص GEO 194/2002 کے آرٹیکل (1)، (e) اور (h) میں دی گئی شرائط پوری کرتا ہو۔

10) جو خاندان کے ساتھ یکجائی کی درخواست کرنے والے پناہ گزین سٹیٹس یا ضمنی تحفظ سے مستفید ہونے والوں کے لیے پیراگراف (7) ڈی ای ایف کے تحت دیے گئے دستاویزات جمع کروانا یا پیراگراف (9) بی اور سی میں دی گئی شرائط پوری کرنا لازم نہیں۔

11) درخواست پر فیصلہ جمع کروائے جانے کی تاریخ سے 3 ماہ کے اندر اندر کیا جائے گا۔

12) درخواست کی منظوری سے درخواست گزار کو تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا تاکہ وہ اِسے خاندان کے متعلقہ افراد کو بھیج سکے۔ تب خاندان کے متعلقہ افراد اِسے تاریخ اجرا کے بعد 60 دن کے اندر اندر رومانیہ کے سفارتی مشنز یا قونصلیٹس میں جمع کروائیں گے (رومانیہ میں طویل المدت قیام کی درخواست کے ہمراہ)۔

13) اگر خاندان کے ساتھ دوبارہ یکجائی کی درخواست مسترد ہو جائے تو تیسرے ملک کے شہری کو مسترد کیے جانے کی وجوہات سے تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا۔

14) رومانیہ کا سفارتی مشن یا قونصلیٹ اُس کے اصل وطن یا اہل خانہ کے رہائشی ملک سے ویزا جاری کرتا ہے۔

15) ویزا درخواست کے ہمراہ مندرجہ ذیل دستاویزی ثبوت منسلک ہونے چاہئیں:
a) رومانیائی امیگریشن آفس سے نوٹیفکیشن لیٹر جو پیراگراف (12) میں درج ہے؛
b) ویزا کی میعاد تک کے لیے میڈیکل انشورنس کا ثبوت؛
c) مجرمانہ ریکارڈ یا کوئی اور دستاویز جو یہی قانونی اہمیت رکھتا ہو اور اصل یا رہائشی ملک کے حکام نے جاری کیا ہو؛

16) مندرجہ ذیل کیٹگریوں کے لوگ خاندان سے دوبارہ یکجائی کے لیے رومانیہ کے طویل المدت ویزا کی درخواست بھی کر سکتے ہیں:
a) تیسرے ملک کے شہری جن کی شادی رومانیہ کے شہریوں سے ہوئی ہو؛
b) تیسرے ملک کے غیر شادی شدہ شہری جو رومانیہ کے غیر شادی شدہ شہریوں کے ساتھ رہتے ہوں، بشرطیکہ اُن کا آپس میں کم از کم ایک بچہ ہو (یہاں انھیں "پارٹنر" کہا گیا ہے)؛
c) رومانیہ کے شہریوں کے بچے (شوہر/بیوی یا پارٹنر کے) بشمول لے پالک بچے، جو 21 سال عمر کو نہیں پہنچے اور ابھی تک رومانیائی

شہری کے شوہر / بیوی یا پارٹنر کی نگہداشت میں ہیں؛

d) رومانیائی شہری اور اُس کے شوہر / بیوی کا سگا رشتہ دار، ترتیب وار؛

e) تیسرے ملک کا شہری جو کسی نابالغ رومانیائی شہری کا باپ / ماں ہے، بشرطیکہ وہ ثبوت دے سکیں کہ نابالغ شہری اُن کی دیکھ بھال میں ہے یا کفالتی وظیفے کا فریضہ عائد ہوتا ہے، بشرطیکہ یہ فریضہ تیسرے ملک کا شہری باقاعدگی سے انجام دیتا رہا ہو؛

f) تیسرے ملک کے شہری، رومانیائی شہریوں کے اہل خانہ، جو کسی اور رکن ریاست میں رہائش کے حق کی رجسٹریشن کا ثبوت دے سکیں۔

17) پیراگراف (e)-(a) (14) کے تحت کیٹگریوں کی طرف سے جمع کروائی گئی ویزا درخواست کے ہمراہ شادی کا سرٹیفکیٹ ہونا چاہیے جو رومانیائی حکام نے جاری کیا ہو یا قومی قانون کی مطابقت میں ٹرانسکرائب کیا گیا ہو، یا حسب ضرورت رشتے کا ثبوت یا ایسی دستاویز ہو جو اُن کے بطور پارٹنر تعلق کا ثبوت دیتی ہو۔

17') ویزا درخواست اُن افراد کی جانب سے جمع ہونی چاہیے جن کا ذکر (f) (14) میں آیا ہے، اور منسلک دستاویزات سے رجسٹریشن کی تصدیق ہو اُسے رومانیائی شہری کے اہل خانہ کے طور پر کسی اور رکن ریاست میں رہائش کا حق حاصل ہے۔

18) گود لینے کا عمل قومی قانون کے مطابق ایک متعلقہ رومانیائی اتھارٹی کے فیصلے کے ذریعے یا کسی اور ریاست کی اتھارٹی کے فیصلے سے انجام پانا ضروری ہے جس سے رومانیہ کی سرزمین پر قانونی اثرات پڑتے ہوں۔

19) خاندان کی دوبارہ یکجائی کے لیے طویل المدت قیام کی ویزا درخواست مسترد کی جاسکتی ہے اگر درخواست کی بنیاد سہولت کی شادی پر ہو جس کا تعین بعد میں GEO 194/2002 کی شقوں کے مطابق ہو یا جب دو یا زائد بیویاں ہونے کا تعین ہو جائے۔

**ویزا فیس: 180 امریکی ڈالر۔**

- **اقتصادی سرگرمیوں کے لیے (marked D/AE)** – ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 41 کے مطابق۔ یہ تیسرے ملک کے شہریوں کو دیا جاتا ہے جو خود مختار طور پر یا خاندانی ایسوسی ایشنز کے اندر اقتصادی سرگرمیاں انجام دیں گے، تنظیم سے متعلق قومی قوانین اور فطری باشندوں کی اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی مطابقت میں۔
- **سٹڈیز کے لیے (marked D/SD)** – ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 45 کے مطابق۔ یہ تیسرے ملک کے شہریوں کو درخواست پر دیا جاتا ہے جو بطور طالب علم رومانیہ کی سرزمین میں داخل ہونا چاہتے ہوں، یا تیسرے ملک کے شہریوں کو جو طالب علم کے تبادلہ پروگراموں میں حصہ لینا چاہتے ہوں۔
- **اقتصادی سرگرمیوں کے لیے (marked D/AP)** – ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 42 کے مطابق۔ یہ تیسرے ملک کے شہریوں کو دیا جاتا ہے جو اپنے پیشوں کی شرائط کے حوالے سے خصوصی قوانین کی مطابقت میں ایسی سرگرمیاں انجام دینے کے پابند ہوں۔
- **تجارتی سرگرمیوں کے لیے (marked D/AC)** – ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 43 کے مطابق۔ یہ رومانیئن سنٹر فار دی پروموشن آف فارن انویسٹمنٹس کی جانب سے سابق توثیق کی بنیاد پر تیسرے ملک کے شہریوں کو دیا جاتا ہے جو رومانیہ میں قانونی حیثیت رکھنے والی کمپنیوں میں انتظامی عہدوں پر شیئر ہولڈرز یا ایسوسی ایٹس ہوں یا بننے کو تیار ہوں۔ کمپنی نے GEO 194/2002 کے (ترمیم شدہ بذریعہ قانون نمبر 157 مورخہ 11 جولائی 2011ء) آرٹیکل 43 کے مطابق اپنی سرمایہ کاری شروع کرنی ہو۔
- **مذہبی سرگرمیوں کے لیے (marked D/AR)** – ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 47 کے مطابق۔
- **سائنسی تحقیق کے لیے (marked D/CS)** – ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 48 کے مطابق۔ یہ تیسرے ملک کے شہریوں کو رومانیائی امیگریشن آفس کے علاوہ نیشنل سائنٹفک ریسرچ اتھارٹی کی سابقہ توثیق کی بنیاد پر، تحقیقی و ترقیاتی یونٹس اور اداروں کی درخواست پر دیا جاتا ہے۔
- **سفارتی خدمات کے لیے (marked DS)** – ترمیمی GEO 194/2002 کے آرٹیکل 25 کے مطابق۔ یہ سفارت خانے یا قونصلر مشن کے رکن سفارتی اور سرکاری پاسپورٹس کے حامل افراد کو دیا جاتا ہے (جو رومانیہ میں طویل عرصے تک قیام کریں) تاکہ وہ اپنے سرکاری فرائض انجام دیں۔ سارے مشن کے دوران حکام کے ہمراہ آنے والے زیر کفالت افراد بھی اِس قسم کے ویزے کے مستحق ہیں۔

## ویزا پروسیسنگ کی فیس

رومانیہ کے اینٹری ویزے دینے اور پروسیسنگ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل فیس چارج کی جاتی ہے:

| فیس کی قسم | چارج کی جانے والی فیس |
|---|---|
| ایئرپورٹ ٹرانزٹ | 60یورو |
| ٹرانزٹ | 60یورو |
| مختصر قیام | 60یورو |
| طویل قیام | 120یورو |

ویزا پروسیسنگ فیس ڈالرز کے ساتھ ساتھ یوروز یا رہائشی ریاست کی کرنسی کی شکل میں پیشگی لی جاتی ہے۔ اس کی بنیاد یورو کی شرحِ تبادلہ پر ہوتی ہے۔ آزاد کرنسی مارکیٹ والے ممالک میں ویزا فیس عموماً یورو یا امریکی ڈالر میں لی جاتی ہے۔

## درخواست گزاروں کی مندرجہ ذیل کیٹگریوں سے مختصر قیام کے ویزا کے لیے فیس نہیں لی جاتی:

- ایسی بین الاقوامی تنظیموں میں ملازم غیر ملکی حکام جن میں رومانیہ ایک فریق ہے؛
- فارن سفارتی مشنز اور قونصلیٹ کے سٹاف ممبرز، ریاستی اور سرکاری حکام، پارلیمانی وفود اور دیگر سرکاری مہمانوں نیز اُن کے اہل خانہ، دوطرفہ بنیادوں پر؛
- 6سال سے کم عمر کے بچے؛
- یونیورسٹی گریجوایشن، ماسٹر ڈگری یا ڈاکٹریٹ ڈگری پروگراموں اور پوسٹ یونیورسٹی کورسز میں مشغول طلبا اور شاگرد، نیز اُن کے ہمراہ آنے والے اساتذہ جو سٹڈیز یا اکیڈمک، سائنسی یا پروفیشنل تربیت کے سلسلے میں سفر کریں؛
- سائنسی تحقیقی مقاصد کے لیے یورپی یونین کا سفر کرنے والے محققین، جن کے متعلق یورپی یونین پارلیمنٹ کی 2005/761/EC اور کونسل مورخہ 28 ستمبر 2005ء کی سفارش میں بتایا گیا ہے تاکہ رکن ریاستیں کمیونٹی کے اندر سفر کرنے والے تیسرے ملک کے محققین کو سائنسی تحقیق انجام دینے کی خاطر مختصر قیام کے ویزے جاری کریں؛
- بلا منافع کام کرنے والی تنظیموں (این جی اوز) کے نمائندے جن کی عمر 25 سال یا کم ہے اور جو این جی اوز کے زیر اہتمام سیمینارز، کانفرنسوں، کھیلوں، ثقافتی یا تعلیمی تقریبات میں شریک ہوں؛
- رومانیائی شہریوں، یورپی یونین اور اکنامک یوروپیئن ایریا دیگر رکن ریاستوں کے شہریوں کے اہل خانہ، نیز سوئس کنفیڈریشن کے شہری جب بھی اُن کے ہمراہ اِس قسم کے شہری ہوں۔ ایمرجنسی گورنمنٹ آرڈیننس 102/2005(ترمیمی) کے آرٹیکل 2 پیراگراف (1) آئٹم 3 میں یورپی یونین اور اکنامک یوروپیئن ایریا کی رکن ریاستوں کے علاوہ سوئس کنفیڈیشن کے شہریوں کو رومانیہ کی سرزمین پر آزادانہ گھومنے پھرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

## ویزا کے درخواست فارمز

مختصر قیام کے ویزا کے لیے درخواست فارم
http://www.mae.ro/sites/default/files/file/anul_2018/protectia_date_cnv/2018.06.11_2._formular_abc_nou_v.04.06.2018.pdf

طویل قیام کے ویزا کے لیے درخواست فارم
http://www.mae.ro/sites/default/files/file/anul_2018/protectia_date_cnv/2018.06.11_3._formular_d_nou_v.04.06.2018.pdf